**SET-4**

**Series : SGN/C**

کوڈ نمبر
**Code No.** **257**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- براہ کرم چیک کیجیے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات **4** ہیں۔
- سوال کے پرچہ کی داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلبا کو اپنی جواب کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجیے کہ سوال کے پرچہ میں **25** ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

# سماجیات

# SOCIOLOGY

وقت : **3** گھنٹے | کُل نمبر : **80**

*Time allowed : **3** hours* | *Maximum marks : **80***

**عام ہدایات :**

*(i)* سوالوں کی مجموعی تعداد **25** ہے۔

*(ii)* **تمام** سوالات لازمی ہیں۔

*(iii)* سوالات نمبر **1** تا **14** مختصر جواب والے سوال ہیں، ہر ایک سوال **2** نمبر کا ہے اور ہر سوال کا جواب **30** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

*(iv)* سوالات نمبر **15** تا **21** طویل جواب والے سوال ہیں، ہر سوال **4** نمبر کا ہے اور ہر ایک سوال کا جواب **80** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

*(v)* سوالات نمبر **22** تا **25** زیادہ طویل جواب والے سوال ہیں، ہر ایک سوال **6** نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب لگ بھگ **200** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔ سوال نمبر **25** کا جواب دیے ہوئے اقتباس کی بنیاد پر دینا ہے۔



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

| | |
|---|---|
| .1 صنعت کاری (Industrialization) کی کوئی دو خصوصیات بتایئے۔ | 2 |
| .2 سماجی تحریک (Social Movement) کا مطلب کیا ہوتا ہے؟ | 2 |
| .3 سنسکرتیا نے (Sanskritisation) کی تنقید کن نکات (points) پر ہوتی ہے؟ | 2 |
| .4 ایک منیجر مزدوروں کو پیداوار بڑھانے کے لیے کس طرح آمادہ کرسکتا ہے؟ | 2 |
| .5 'استری پرش تلنا' کس نے لکھی ہے؟ | 2 |
| .6 کثیر ملکی کاروباری ادارے (Transnational Corporations) کیا ہیں؟ | 2 |
| .7 شہرکاری اور صنعت کاری باہمی تعلق کا عمل کیسے ہے؟ | 2 |
| .8 نرم کاری (Liberalization) کا مطلب کیا ہوتا ہے؟ | 2 |
| .9 کلچر (ثقافت) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ | 2 |
| .10 جدیدکاری (modernization) کی بنیادی معروضے (assumptions) کیا ہیں؟ کوئی دو لکھیے۔ | 2 |
| .11 عالم کاری (گلوبلائیزیشن) کا کیا مطلب ہے؟ | 2 |
| .12 سرمایہ داری (capitalism) کی بنیادی خصوصیات کیا ہیں؟ | 2 |
| .13 نمائندہ جمہوریت کا مطلب بیان کیجیے۔ | 2 |



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

| | | |
|---|---|---|
| 14. | کاسٹ ایک بند درجہ (closed class) ہے۔ کیسے ؟ | 2 |
| 15. | بیان کیجیے سماجی وسیلے کس طرح سرمایہ کی تین شکلوں میں تقسیم ہوتے ہیں ؟ | 4 |
| | یا | |
| | ریاست یا غیر ریاست کے ذریعے قبائلی بھید بھاؤ کے لیے کی جانے والی پہل کی جانچ کیجیے۔ | |
| 16. | استعماریت (Colonialism) نے ہمارے ملکوں پر کیا اثر ڈالا تھا ؟ | 4 |
| 17. | ماحولیاتی تحریک کو مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ | 4 |
| 18. | پنچایتوں کے مختلف اختیارات اور کاموں کو بیان کیجیے۔ | 4 |
| 19. | سیکولرازم کے مغربی اور ہندوستانی معنی میں فرق بیان کیجیے۔ | 4 |
| 20. | شہری معاشرہ (Civil Society) کیا ہے؟ یہ معاشرے کے لئے کس طرح اہم ہے؟ مثالیں دیجیے۔ | 4 |
| 21. | Commodification کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجیے۔ | 4 |
| | یا | |
| | ہفتہ وار بازار، سماجی اور معاشی تنظیم کی ایک مرکزی خصوصیات ہوتی ہے۔ وضاحت کیجیے۔ | |
| 22. | مالتھس کی آبادی کے اضافہ کی تھیوری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ | 6 |
| 23. | عالم کاری نے پرنٹ میڈیا پر کس طرح اثر ڈالا ؟ | 6 |
| 24. | خاندانوں (families) کی مختلف قسمیں بیان کیجیے۔ | 6 |
| | یا | |
| | قبائلی سوسائیٹی کی درجہ بندی بیان کیجیے۔ | |



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

25. درج ذیل پیراگراف کو پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کا جواب دیجیے : 6

## کسانوں کی تقدیر کی ستم شعاری

آج کل ہم بہت زیادہ زراعتی پریشانیاں جھیل رہے ہیں۔ حال ہی میں کئی ہزار کسان زراعت سے متعلق سرکار کے خیالات کو متاثر کرنے کے لیے دلی پہنچے تاکہ وہ سرکار کو بتا سکیں کہ ان کے سنکی اور غلط فیصلوں نے کسانوں کی زندگی کو برباد کر دیا ہے۔ یہ کسی دوسری سرکار کے لیے جاگنے کا زمانہ ہوتا۔لیکن یہ سرکار اپنے ہی غرور کے نشے میں چور تھی ان کی اولیت کچھ اور تھی، ان کے سامنے یہ بہادرانہ کوششیں بے کار تھیں۔

حالانکہ پورے ملک میں کسانوں کو متاثر کرنے والے لاتعداد مدعوں کا خلاصہ کرنا ناممکن ہے۔لیکن یہ اہم ہے کہ ہم اپنی جدوجہد سے خود تو متعارف ہیں۔ کسانوں کی خودکشی ایک خطرناک شرح سے بڑھی ہے۔ ہندوستان میں کسانوں کی خودکشی کی تعداد میں 40% سے 46% کا اضافہ ہوا ہے۔

پریشان کسانوں نے سرکار کی توجہ اپنی طرف کھینچنے کے لیے سبھی طرح کی تکنیکوں کو اپنایا ہے۔تمل ناڈو کے کسان اپنے ساتھی اپنے خودکشی کرنے والے رشتہ داروں کے کنگال لائے۔ خاموش کسانوں کو مندسور (Mandsaur) میں زوردار مخالفت دکھانے پر مجبور ہونا پڑا لیکن بے حس اور ظالم ریاستی سرکار کے ذریعے ان کو گولی مار دی گئی۔ مہاراشٹر کے نوجوان بچے جنھوں نے اپنے ماں باپ کو خودکشی کی وجہ سے کھو دیا تھا دلی پہنچے اور سرکار کے ذریعے اپنی سنوائی کرنے کے لے صبر سے انتظار کیا لیکن سرکار کے ایک بھی نمائندہ نے ان کی موجودگی کو منظور نہیں کیا۔ اور نہ ہی ان کو سنا۔

سرکار لگاتار ان پالیسیوں پر دھیان دیتی رہی جو بے تکی اور کسان مخالف ہیں۔ ایک کے لیے جی ایس ٹی کے تحت ٹریکٹر اور دوسرے زراعتی سامان پر 12% ٹیکس لگایا جاتے ہیں۔ جن میں سے ان کی کچھ چیزوں پر جیسے کہ ٹائر اور ٹیوب پر 28% ٹیکس لگایا جا رہا ہے۔ فرٹلائیزرس (fertilisers) پر 1.03% ٹیکس سے 5% تک بڑھ گیا ہے۔ کیڑے مارنے والی دوائیں جو کہ ایک عام کھیتی کرنے والے آدمی کے لیے ضروری ہیں اس پر 18% ٹیکس لگایا جاتا ہے۔

اس سال دالوں (pulses) کا سب سے زیادہ 22.95 ایم ایم ٹی پر گھریلو پیداوار ہوا۔ یہ گھریلو مانگ کو پورا کرنے کے لیے کافی ہوتا لیکن اس کے بجائے، ملک کی بدانتظامی کی شکل میں سرکار نے 6.6 ایم ایم ٹی دالوں کا ریکارڈ درآمد کیا (zero درآمد ڈیوٹی کم نہیں)۔

اس بہت زیادہ سپلائی نے کسانوں اور گھریلو بازار کو حادثہ کی حد تک متاثر کیا۔ ساتھ ہی سرکار نے اسی سال گیہوں پر 25% درآمد ڈیوٹی کو واپس لے لیا جبکہ کسان اگلی فصل کی تیاری کر رہے تھے۔ اس سے گیہوں کی درآمد (5.9 ایم ٹی) میں بہت زیادہ اضافہ ہوا اور گھریلو بازار میں قیمت گھٹ گئی۔

ماخذ : ٹائمس آف انڈیا، دسمبر 7، 2017

(a) کسانوں کی خودکشی کے حادثے بڑی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ اس قول کو مناسب اسباب کی مدد سے بیان کیجیے۔ 2

(b) سرکار کی توجہ اپنی طرف کھینچنے کے لیے کسانوں نے کس تکنیک کا استعمال کیا ؟ اس کا کیا اثر پڑا ؟ 4



collegedunia
India's largest Student Review Platform